زبان خلق

○ ''اجتہاد'' مل گیا ہے۔ بہت شکریہ، میں ان شاء اللہ اس سے استفادہ کروں گا۔

جناب ڈاکٹر صفدر محمود
لاہور

○ اگرچہ ہر روز بہت سی کتب اور رسائل کا مشاہدہ ہوتا ہے مگر بہت عرصہ بعد ایسا جاذب نظر اور تحقیق سے بھرپور رسالہ دیکھنے کو ملا۔ مجلس ادارت اور مضمون نویس حضرات کی فہرست میں ملک کے مشہور اور بڑے نام ہیں، جو تحقیق بالخصوص اقبالیات کے حوالے سے مستند تصور کیے جاتے ہیں، ان کا نام اور کاوش دیکھ کر بہت خوشی ہوئی۔

جناب سید فیضان عباس
نائب مدیر ''راوی''
گورنمنٹ کالج یونیورسٹی، لاہور

○ میگزین کے بعض مضامین فکر انگیز اور بعض معلوماتی حیثیت کے حامل ہیں، امید ہے کہ یہ میگزین قومی و دینی روایات کے فروغ اور ان کے صحت بخش رجحانات کو متعین کرنے کا باعث ہوگا۔

جناب پروفیسر ڈاکٹر سعید الرحمٰن
چیئرمین ڈیپارٹمنٹ آف اسلامک سٹڈیز
بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان

○ اسلام کی اجتہادی روایت کی ترجمانی کے حامل اس مجلّے کا اجراء ایک عصری تقاضے کی تکمیل کے مترادف ہے۔ آج ہم قومی اور عالمی سطح پر جن متنوع مسائل سے دوچار ہیں، نہ صرف عالم اسلام میں جاری اجتہادی کاوشوں سے آگہی ضروری ہے، بلکہ ٹھوس علمی بنیادوں پر پیش رفت بھی اس کا ایک اہم تقاضا ہے۔ اسلامی نظریاتی کونسل کا تحقیقی مجلّہ اس باب میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔ ہم اس علمی و فکری پیش رفت پر آپ کو اور سہ ماہی ''اجتہاد'' کے ادارتی بورڈ کو مبارک باد پیش کرتے ہیں۔

جناب ڈاکٹر طاہر حمید تنولی
معاون ناظم (ادبیات) اقبال اکادمی پاکستان

○ اس نئے تحقیقی مجلّے ''اجتہاد'' کے جاری کرنے پر مبارک باد قبول فرمائیں۔ یہ مجلّہ ہمارے ادارے کے سکالرز کے لیے بہت دلچسپی کا باعث ہے۔ ادارہ تحقیقات اسلامی کے سہ ماہی مجلّہ ''فکر و نظر'' کے ساتھ آپ کے مجلّہ کے تبادلہ کا خیر مقدم کیا جائے گا۔

جناب ایس ایم اے اقبال
ایڈیٹنگ اینڈ پبلشنگ بیورو
ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد

○ رسالہ ''اجتہاد'' سے یقیناً ان لوگوں کی خوشیاں دو چند ہوئی ہیں، جو مدتوں سے (اپنی محدود صلاحیتوں کے ساتھ) ''عمل اجتہاد'' میں مصروف ہیں اور چاہتے ہیں کہ ملت اسلامیہ بحیثیت مجموعی دین کی روح کو سمجھے اور فکر جامد سے نکل کر ''تقلید متحرک'' کو اپنا شعار بنائے کیونکہ ترک اجتہاد سے دین کی جوئے رواں جوہڑ بن گئی ہے اور اپنے پیاسوں کو صاف و شفاف پانی مہیا کرنے سے قاصر ہے۔ اب صرف عمل اجتہاد سے ہی تشنہ لبوں کو صاف و شفاف پانی فراہم کیا جاسکتا ہے۔ دین اسلام قیامت تک کے لیے ہدایت کی جو ضمانت فراہم کرتا ہے، وہ دراصل اجتہاد کی صورت میں ہی ممکن ہے۔ کاش یہ حقیقت کماحقہ ہمارے اہل دانش بھی سمجھ سکیں۔

جناب ڈاکٹر محمد شکیل اوج
مدیر اعلیٰ سہ ماہی التفسیر، کراچی